Question Paper Serial No. 11

بالکل یہاں

# C

**CCE PR**
**REVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 48 ]
Total No. of Questions : 48 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**
**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**
**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 23. 09. 2020 ] [ Date : 23. 09. 2020
ಸಮಯ :ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
اس سوالنامہ کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹیں

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Subjective) اور موضوعی (Objective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 48 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشیئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 8 × 1 = 8

1. سالبائی معاہدہ پر جنگ کا خاتمہ ہوا۔

(A) دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ
(B) دوسری اینگلو سکھ جنگ
(C) پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ
(D) پہلی اینگلو میسور جنگ

2. 1938ء میں کانگریس کے ہری پور سیشن کے صدر تھے۔

(A) سردار ولبھ بھائی پٹیل
(B) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر
(C) بال گنگادھر تلک
(D) سبھاش چندر بوس

3. 1789ء میں فرانسیسی انقلاب کا اہم مقصد تھا۔

(A) یو-این-او کا قیام
(B) انسانی حقوق کا تحفظ
(C) غیر ملکی حملوں کی روک تھام
(D) جمعیت اقوام کا قیام

4. نرمدا بچاؤ تحریک کی قیادت کی۔

(A) میدھا پاٹکر
(B) ڈاکٹر شیورام کارنت
(C) کوسما سورابا
(D) سندر لال بہوگنا

.5 بچوں کی امدادی ٹیلی فون لائن ہے

(A) 1098

(B) 1090

(C) 1089

(D) 1097

.6 درجہ ذیل میں سے صحیح جوڑ ہے

(A) آندھی - مغربی بنگال

(B) کال بیساکھی - پنجاب

(C) آموں کی بوچھاڑ - ٹمل ناڈو

(D) کافی کی پیداوار - کرناٹک

.7 2014ء میں ہندوستان میں انسانی ترقی کے اشارے تھے

(A) 0.586

(B) 0.344

(C) 0.562

(D) 0.856

.8 سفید انقلاب کے باوا آدم کہلاتے ہیں۔

(A) ڈاکٹر پرتاب ریڈی (B) نارائن مورتی

(C) ورگیز کورئین (D) عظیم پریم جی

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 8 × 1 = 8

9. 1798ء کے بعد حیدرآباد کا حکمران انگریزی سفیر کو اپنے دربار میں مقیم کرنا تھا۔ کیوں ؟

10. رام کرشنا مشن مٹھ کا قیام کیوں کیا گیا ؟

11. عالمی ادارۂ غذا اور زراعت (F.A.O) کا اہم مقصد کیا ہے ؟

12. کائگا میں قائم ہونے والے نیوکلیائی پاور جنریشن کے خلاف تحریک کیوں کی گئی ؟

13. لیٹرائیٹ مٹی کہاں پائی جاتی ہے ؟

14. آبادی کی کثافت کی تعریف کیجئے ؟

15. ملک کی فی کس آمدنی کا حساب کیسے لگایا جاتا ہے ؟

16. ہر سال 15 مارچ کو عالمی یوم صارفین کیوں کہا جاتا ہے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب لکھئے : 18 × 2 = 36

17. یوروپین کا ہندوستان کا جدید بحری راستہ دریافت کرنے کے اسباب کیا تھے ؟

18. ہندوستان کو تقسیم کے وقت سے پناہ گزیں کے مسائل بڑی تعداد میں پیش آنے لگے۔ ثابت کیجئے۔

19. خارجہ پالیسی کے اصول کے عمل میں لانے کے لئے کئی رکاوٹیں آئیں۔ کیسے ؟

یا

سلامتی کونسل کو اقوام متحدہ کی کابینہ بھی کہا جاتا ہے۔ کیوں ؟

20. بچوں کی نقل مکانی کے اثرات بچوں کی ہمہ پہلو نشو و نما پر ہیں۔ کیسے ؟

یا

محنت کی تقسیم بہت مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیسے ؟

21. ہندوستان کے مغربی ساحلی میدان اور مشرقی ساحلی میدان میں فرق واضح کیجئے۔

22. ذاتی ابلاغ اور ابلاغ عامہ کی درجہ بندی کر کے لکھئے :

ڈاک (خطوط) - ٹیلی ویژن - فیکس - ریڈیو۔

23. عوامی اخراجات کا اہم مقصد ملک کو ہر طرح کی ترقی دلانا۔ ثابت کیجئے۔

24. بینک کے کھاتوں کی مختلف قسمیں لکھئے۔

25. بکسر جنگ کے نتائج کیا تھے ؟

26. دوسری اینگلو میسور جنگ کیوں لڑی گئی ؟

27. فاشسٹ پارٹی کی خصوصیات کونسی ہیں ؟

28. رشوت خوری کو کس طرح قابو میں لایا جاسکتا ہے ؟

29. اقوام متحدہ (UNO) کے اہم مقاصد کون سے ہیں ؟

30. غیر منظّم مزدوروں کو کون کونسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟

31. زراعت پر مٹی کے کٹاؤ کے اثرات کیسے ہوتے ہیں ؟

32. فضائی نقل وحمل کے فائدے کیا ہیں ؟

33. پیداواری حلقے کو پہچاننے میں تبدیلی کا اشارہ دیتی ہے۔ کیسے ؟

34. صارفین کے قانون کے اہم مقاصد کونسے ہیں ؟

IV. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے :** 9 × 3 = 27

35. انگریزی لگان کے نظام کا اثر ہندوستانی زراعت پر ہے۔ وضاحت کیجئے۔

36. تیسری اور چوتھی اینگلو میسور جنگوں سے ٹیپو سلطان کی طاقت کمزور ہوگئی۔ ثابت کیجئے۔

**یا**

اینی بیسنٹ کے ہندوستانی ثقافت اور سیاست کی کارروائیوں کو بھلایا نہیں جاسکتا۔ ثابت کیجئے۔

37. چین نے 20 ویں صدی کے دوران کیسے ترقی کی ؟

38. ہندوستان اور روس کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں۔ سمجھایئے۔

39. حالیہ دنوں میں چھوت چھات کا مسئلہ ختم ہو رہا ہے۔ ثابت کیجئے۔

40. حالیہ سالوں میں زیر جنگلاتی علاقہ گھٹا جا رہا ہے۔ کیوں ؟

41. لوہے اور فولاد کی زیادہ تر صنعتیں اُڑیسہ اور مغربی بنگال میں واقع ہیں۔ کیوں ؟

**یا**

انسانی سرگرمیوں سے سیلاب اور زمین کا کھسکنا ہوتا ہے۔ واضح کیجئے۔

42. پنچایت راج کی اہم خصوصیات لکھئے۔

**یا**

روپیوں کے مختلف مرحلوں کے نام لکھئے۔

43. آفاقیت ملک کی ترقی کے لئے کس طرح مددگار رہے ؟

**یا**

صنعت کار معاشی شعبے کی ترقی کے لئے کیسے مددگار ثابت ہوتے ہیں ؟

V. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : 4 × 4 = 16

44. تحریک عدم تعاون کے اہم پروگراموں کو سمجھا یئے ۔

45. 1857ء کی بغاوت کے سیاسی اور انتظامی اسباب لکھئے ۔

**یا**

جدوجہد آزادی کے دور کو فیاص قومیت کا عہد کہا جاتا ہے ۔ سمجھا یئے ۔

46. حالیہ دنوں میں عورتوں کے مقام کو بہتر بنانے کے لئے طرفداری کی جارہی ہے ۔ کیسے ؟

47. گیہوں اور گنے کی پیداور کے نئے درکار عوامل کیا ہیں ؟

VI. 48. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 4 = 5

a) $82\frac{1}{2}^{\circ}$ مشرقی طول بلد

b) دریائے نرمدا

c) بھاکرانگل منصوبہ

d) ممبئی ہائی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 48 کی جگہ)**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ سے مہیا ہونے والے فوائد کون کونسے ہیں ؟ 5